

بسم اللہ الرحمن الرحیم

# زائرین حج کے لئے تربیتی نشست

Madrasah Dar-ul-Uloom Muaaz Bin Jabal

مدرسہ دارالعلوم معاذ بن جبل

# حج

پریزنٹیشن


حضرت مولانا انعام اللہ صاحب دامت برکاتھم العالیہ


2024/1445

# سب پہلے، سب سے بنیادی کام

پاکستان میں چھوڑ جائیں

پاکستان سے لے جائیں




غصہ



مسکراہٹ



باتیں



خاموشی

آپ جس کے لئے عبادت کرنے جا رہے ہیں، وہ آپ کی نیت اور عمل سے واقف ہے۔

ج

# اخلاص

www.muaazbinjabal.com

# حج اور عمرہ خالص اللہ کے لیے ہو

- حج کا سفر سادگی کے ساتھ ہو تفریحی سفر نہ ہو

- إِنَّمَا الأَعْمَالُ بِالنِّيَّاتِ

(ترجمہ) اعمال کا دارومدار نیتوں پر ہے۔ (بخاری عن عمر)

- حَجَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى رَحْلٍ رَثٍّ، وَقَطِيفَةٍ تُسَاوِي أَرْبَعَةَ دَرَاهِمَ، أَوْ لَا تُسَاوِي، ثُمَّ قَالَ: «اللَّهُمَّ حَجَّةٌ لَا رِيَاءَ فِيهَا، وَلَا سُمْعَةَ (حیاۃ الصحابہ)

ترجمہ رسول اللہ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم نے ایک پرانی کاٹھی اور ایک ایسے پرانے بوسیدہ کھیس پر حج کیا جو صرف چار درہم کی قیمت کا تھا بلکہ شاید چار درہم کا بھی نہ تھا اور آپ یہ دعا کر رہے تھے۔ اے اللہ اس حج کو دکھاوے اور نام ونمود سے پاک فرمادے۔

www.muaazbinjabal.com

# فضائل حج و عمرہ

www.muaazbinjabal.com

مَنْ حَجَّ لِلّٰهِ فَلَمْ يَرْفُثْ، وَلَمْ يَفْسُقْ، رَجَعَ كَيَوْمِ وَلَدَتْهُ أُمُّهُ

(ترجمہ) جو شخص اللہ کیلئے حج کرے اس طرح کہ اس حج میں نہ رفث ہو (یعنی فحش بات) اور نہ فسق ہو (گناہ)

وہ حج سے ایسا واپس ہوتا ہے جیسا اس دن تھا جس دن ماں کے پیٹ سے نکلا تھا۔ (فضائل حج)

تَابِعُوا بَيْنَ الْحَجِّ وَالْعُمْرَةِ، فَإِنَّهُمَا: يَنْفِيَانِ الْفَقْرَ وَالذُّنُوبَ، كَمَا يَنْفِي الْكِيرُ: خَبَثَ الْحَدِيدِ وَالذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ

(ترجمہ) حج وعمرہ پے درپے کیا کرو کہ وہ دونوں مفلسی اور گناہوں کو ایسا دور کرتے ہیں جیسا آگ کی بھٹی لوہے اور سونے چاندی کے میل کو دور کردیتی ہے۔

www.muaazbinjabal.com

اَلْحُجَّاجُ وَالْعُمَّارُ، وَفْدُ اللّٰهِ إِنْ دَعَوْهُ أَجَابَهُمْ، وَإِنِ اسْتَغْفَرُوْهُ غَفَرَ لَهُمْ

(ترجمہ) حج کرنے والے اور عمرہ کرنے والے اللہ جل شانہ کا وفد ہیں اگر وہ لوگ دعا مانگیں تو اللہ جل شانہ ان کی دعا قبول فرماتے ہیں اور اگر وہ کسی کے لئے مغفرت طلب کریں تو اللہ تعالی اس کی مغفرت فرمادیتے ہیں

يَا رَسُولَ اللّٰهِ، نَرَى الْجِهَادَ أَفْضَلَ الْعَمَلِ، أَفَلاَ نُجَاهِدُ؟ قَالَ: لاَ، لَكِنَّ أَفْضَلَ الْجِهَادِ حَجٌّ مَبْرُورٌ (بخاری عن عائشہ)

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پوچھا کہ جہاد سب سے افضل عمل ہے، پھر ہم بھی جہاد کیوں نہ کریں۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ عورتوں کے لئے سب سے افضل جہاد حج مقبول ہے

www.muaazbinjabal.com

سُئِلَ: أَيُّ العَمَلِ أَفْضَلُ؟ فقَالَ: «إِيمَانٌ بِاللَّهِ وَرَسُولِهِ». قِيلَ: ثُمَّ مَاذَا؟ قَالَ: «الجِهَادُ فِي سَبِيلِ اللَّهِ» قِيلَ: ثُمَّ مَاذَا؟ قَالَ: «حَجٌّ مَبْرُورٌ» (بخاری عن ابی ھریرۃ)

ترجمہ۔ نبی ﷺ سے کسی نے سوال کیا کہ کونسا عمل افضل ہے؟ آپ نے فرمایا کہ اللہ اور اس کے رسول پر ایمان ، پوچھا اس کے بعد؟ آپ نے فرمایا کہ اللہ کے راستے میں جہاد، پوچھا اس کے بعد؟ آپ نے فرمایا حج مقبول۔

www.muaazbinjabal.com

إِذَا لَقِيتَ الْحَاجَّ فَسَلِّمْ عَلَيْهِ وَصَافِحْهُ، وَمُرْهُ أَنْ يَسْتَغْفِرَ لَكَ قَبْلَ أَنْ يَدْخُلَ بَيْتَهُ، فَإِنَّهُ مَغْفُورٌ لَهُ

(ترجمہ) حاجی کے گھر میں داخل ہونے سے پہلے اگر اس سے ملاقات ہو تو اس سے سلام کرو اور مصافحہ کرو اپنے لئے مغفرت کی درخواست کرو کہ وہ گناہوں سے پاک صاف ہو کر آیا ہے

www.muaazbinjabal.com

## حجر اسود:

وَاللّٰہِ لَیَبْعَثَنَّہُ اللّٰہُ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ لَہٗ عَیْنَانِ یُبْصِرُ بِہِمَا، وَلِسَانٌ یَنْطِقُ بِہٖ، یَشْھَدُ عَلٰی مَنْ اسْتَلَمَہٗ بِحَقٍّ

(ترجمہ) حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم قسم کھا کر ارشاد فرماتے ہیں کہ حجر اسود کو اللہ جل شانہ قیامت کے دن ایسی حالت میں اٹھائیں گے کہ اس کی دو آنکھیں ہونگی جن سے وہ دیکھے گا اور زبان ہوگی جس سے بولے گا اور گواہی دے گا اس شخص کے حق میں جس نے اس کو ایمان کیساتھ بوسہ دیا ہو۔ (مسلم۔ عن عائشۃ۔ جابر)

www.muaazbinjabal.com

إِنَّ الْمَلَائِكَةَ لَتُصَافِحُ رُكَّابَ الْحُجَّاجِ، وَتَعْتَنِقُ الْمُشَاةَ

(ترجمہ) فرشتے ان حاجیوں سے جو سواری پر آتے ہیں مصافحہ کرتے ہیں۔ اور جو پیدل چل کر آتے ہیں ان سے معانقہ کرتے ہیں۔

اَلنَّفَقَةُ فِي الْحَجِّ كَالنَّفَقَةِ فِي سَبِيْلِ اللهِ بِسَبْعِ مِئَةٍ

(ترجمہ) حج میں خرچ کرنا جہاد میں خرچ کرنے کی طرح سے ایک روپیہ کا بدلہ سات سو روپیہ ہے۔

اخرجہ ابن ابی شیبہ

www.muaazbinjabal.com

# تلبیہ:

مَا مِنْ مُسْلِمٍ یُلَبِّیْ إِلَّا لَبّٰی مَنْ عَنْ یَمِیْنِهٖ، أَوْ عَنْ شِمَالِهٖ مِنْ حَجَرٍ، أَوْ شَجَرٍ، أَوْ مَدَرٍ، حَتّٰی تَنْقَطِعَ الْأَرْضُ مِنْ هَاهُنَا وَهَاهُنَا

(ترجمہ) جب حاجی لبیک کہتا ہے تو اس کے ساتھ دائیں اور بائیں جو پتھر درخت ڈھیلے وغیرہ ہوتے ہیں وہ بھی لبیک کہتے ہیں اور اسی طرح یہ سلسلہ زمین کی منتہا تک چلتا ہے۔ (ترمذی۔ابن ماجہ عن سہل ابن سعد)

www.muaazbinjabal.com

## طواف:

إِنَّ اللهَ تَعَالَى يُنْزِلُ فِي كُلِّ يَوْمٍ وَلَيْلَةٍ عِشْرِينَ وَمِائَةَ رَحْمَةٍ عَلَى هَذَا الْبَيْتِ سِتُّونَ لِلطَّائِفِينَ، وَأَرْبَعُونَ لِلْمُصَلِّينَ، وَعِشْرُونَ لِلنَّاظِرِينَ

(ترجمہ) اللہ جل شانہ کی ایک سو بیس رحمتیں روزانہ اس گھر پر نازل ہوتی ہیں جن میں سے ساٹھ طواف کرنے والوں پر اور چالیس وہاں نماز پڑھنے والوں پر اور بیس بیت اللہ کو دیکھنے والوں پر ہوتی ہیں۔ (عن ابن عباس- فضائل حج)

www.muaazbinjabal.com

# حرمِ پاک میں قبولیتِ دُعا کے 15 مقامات







1 کعبہ پر نظر پڑتے وقت
2 حجر اسود کے سامنے
3 ملتزم کے سامنے
4 بیت اللہ کے دروازے کے سامنے
5 رکن یمانی
6 مقام ابراہیم پر
7 حطیم کے اندر
8 میزاب رحمت کے نیچے
9 زمزم پیتے وقت
10 صفا میں
11 مروہ میں
12 منی کی وادی میں
13 مزدلفہ کے وقوف کے وقت
14 وقوف عرفات کے دوران
15 جبل رحمت پر یا اس کے پاس

# حجر اسود:

وَاللّٰهِ لَيَبْعَثَنَّهُ اللّٰهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ لَهُ عَيْنَانِ يُبْصِرُ بِهِمَا، وَلِسَانٌ يَنْطِقُ بِهِ، يَشْهَدُ عَلَى مَنِ اسْتَلَمَهُ بِحَقٍّ

(ترجمہ) حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم قسم کھا کر ارشاد فرماتے ہیں کہ حجر اسود کو اللہ جل شانہ قیامت کے دن ایسی حالت میں اٹھائیں گے کہ اس کی دو آنکھیں ہونگی جن سے وہ دیکھے گا اور زبان ہوگی جس سے بولے گا اور گواہی دے گا اس شخص کے حق میں جس نے اس کو حق کیساتھ بوسہ دیا ہو۔ (مسلم۔ عن عائشۃ۔ جابر)

www.muaazbinjabal.com

وَاَتِمُّوا الۡحَجَّ وَالۡعُمۡرَةَ لِلّٰهِ

ترجمہ: حج اور عمرہ اللہ کیلئے پورا پورا ادا کرو

www.muaazbinjabal.com

# وقوف عرفہ کے فضائل

مَا مِنْ يَوْمٍ أَكْثَرَ مِنْ أَنْ يُعْتِقَ اللهُ فِيهِ عَبْدًا مِنَ النَّارِ، مِنْ يَوْمِ عَرَفَةَ، وَإِنَّهُ لَيَدْنُو، ثُمَّ يُبَاهِي بِهِمِ الْمَلَائِكَةَ، فَيَقُولُ: مَا أَرَادَ هَؤُلَاءِ؟

(ترجمہ) کوئی دن ایسا نہیں جس میں اللہ تعالیٰ عرفہ کے دن سے زائد بندوں کو جہنم سے نجات دیتے ہوں۔ یعنی جتنی کثیر مقدار کو عرفہ کے دن خلاصی ہوتی ہے، اتنی کثیر تعداد اور کسی دن کی نہیں ہوتی۔ حق تعالیٰ شانہ دنیا کے قریب ہوتے ہیں پھر فخر کے طور پر فرماتے ہیں، یہ بندے کیا چاہتے ہیں۔ (ترمذی۔ عن ابن عباس)

www.muaazbinjabal.com

مَا رَأَى الشَّيْطَانُ يَوْمًا هُوَ فِيهِ أَصْغَرُ وَلَا أَدْحَرُ، وَلَا أَحْقَرُ، وَلَا أَغْيَظُ مِنْهُ فِي يَوْمِ عَرَفَةَ، وَمَا ذَاكَ إِلَّا لِمَا يَرَى مِنْ تَنْزِيلِ الرَّحْمَةِ، وَتَجَاوُزِ اللّٰهِ عَنِ الذُّنُوبِ الْعِظَامِ، إِلَّا مَا رَأَى يَوْمَ بَدْرٍ

ترجمہ: غزوہ بدر کا دن تو مستثنیٰ ہے اس کو چھوڑ کر کوئی دن عرفہ کے دن کے علاوہ ایسا نہیں جس میں شیطان بہت ذلیل ہو رہا ہو، بہت راندہ پھر رہا ہو، بہت حقیر ہو رہا ہو، بہت زیادہ غصہ میں بھر رہا ہو، اور یہ سب کچھ اس وجہ سے کہ عرفہ کے دن میں اللہ تعالیٰ کی رحمتوں کا کثرت سے نزول ہونا، بندوں کے بڑے بڑے گناہوں کا معاف ہونا دیکھتا ہے۔ (مشکوۃ۔ طلحہ۔ بن عبید اللہ)

www.muaazbinjabal.com

## رمی:

وَأَمَّا رَمْيُكَ الْجِمَارَ، فَلَكَ بِكُلِّ حَصَاةٍ رَمَيْتَهَا تَكْفِيرُ كَبِيرَةٍ مِنَ الْكَبَائِرِ الْمُوبِقَاتِ الْمُوجِبَاتِ (الترغیب)

ترجمہ: تمہارے کنکریاں مارنے پر ہر کنکری کے بدلے ایک ہلاکت خیز بڑا گناہ معاف ہوتا ہے۔

## حلق:

وَأَمَّا حَلَاقُكَ رَأْسَكَ فَبِكُلِّ شَعْرَةٍ حَلَقْتَهَا حَسَنَةٌ (الترغیب)

تمہارے اپنے سر کو حلق کرانے پر ہر بال کے بدلے جسے تم نے حلق کرایا ایک نیکی ملے گی۔

# حج کی تین قسمیں ہیں

حج اِفراد

**حج اِفراد** (صرف حج کا احرام باندھنا اور حج مکمل کرنے کے بعد احرام کھولنا)





حج قِران

**حج قِران** (حج و عمرہ کا ایک ساتھ احرام باندھنا اور حج مکمل کر کے احرام کھولنا)




حج تمتع

**حج تمتع** (شروع میں صرف عمرہ کا احرام باندھنا عمرہ مکمل کر کے احرام کھول دینا
پھر 8 ذی الحجہ کو حج کا احرام باندھنا)



# فرائض حج

1. **احرام:** دل سے حج کی نیت کر کے تلبیہ پڑھنا

2. **وقوف عرفات:** 9 ذی الحجہ کو زوالِ آفتاب کے بعد سے لیکر 10 ذی الحجہ کی صبح صادق کے درمیان عرفات میں ٹھہرنا

3. **طواف زیارت:** 10 ذی الحجہ کو طلوع آفتاب کے بعد سے لے کر 12 ذی الحجہ کو غروبِ آفتاب تک کیا جاسکتا ہے

# فرائض حج کا حکم

ان تینوں فرائض میں سے اگر کوئی چیز چھوٹ جائے تو حج نہ ہو گا

اور اس کی تلافی دم دینے سے بھی نہیں ہو سکتی۔

www.muaazbinjabal.com

# واجبات حج

1. مزدلفہ میں وقوف کے وقت ٹھہرنا
2. صفا مروہ کے درمیان سعی کرنا
3. رمی جمار یعنی کنکریاں مارنا
4. قارن اور متمتع کو قربانی کرنا
5. سر کے بال منڈوانا یا کتروانا
6. میقات سے باہر رہنے والے کو طواف وَداع کرنا

www.muaazbinjabal.com

# واجبات حج کا حکم

واجبات کا حکم یہ ہے کہ اگر ان میں سے کوئی واجب چھوٹ جائے
تو حج تو ہو جائے گا، چاہے قصداً چھوڑا ہو یا بھول کر
لیکن اس کی جزاء دم لازم ہو گا۔

www.muaazbinjabal.com

# حج کی سنتیں

1 مفرد آفاقی اور قارن کو طواف قدوم کرنا

2 جس طواف کے بعد سعی کرنی ہو اس میں رمل واضطباع کرنا

3 8 ذی الحجہ کی صبح کو منیٰ روانہ ہونا اور وہاں پانچوں نمازیں پڑھنا

4 9 ذی الحجہ کو طلوع آفتاب کے بعد منیٰ سے عرفات کے لیے روانہ ہونا

www.muaazbinjabal.com

# حج کی سنتیں

5 عرفات سے غروب آفتاب کے بعد امام حج سے پہلے روانہ نہ ہونا

6 عرفات سے واپس ہو کر رات مزدلفہ میں قیام کرنا

7 عرفات میں غسل کرنا

8 ایام منیٰ میں راتیں منیٰ میں گزارنا

www.muaazbinjabal.com

# سنن حج کا حکم

سنتوں کا حکم یہ ہے کہ ان کو قصداً ترک کرنا بُرا ہے۔
اور ان کو ادا کرنے میں ثواب ملتا ہے۔
اور ان کے نہ کرنے سے جزاء لازم نہیں آتی۔

www.muaazbinjabal.com

# حج فاسد ہونے کی صورت

وقوف عرفہ سے پہلے اپنی بیوی سے ہم بستری کرلی تو حج فاسد ہو جائے گا اور آئندہ سال اس کی قضا لازم ہو گی

# اونٹ / گائے لازم ہونے کی صورتیں

1۔ وقوف عرفہ کے بعد حلق کروانے سے پہلے اپنی بیوی سے ہمبستری کرنا

2۔ جس شخص نے جنابت کی حالت میں یا عورت نے جنابت یا حیض و نفاس کی حالت میں طوافِ زیارت کرلیا تو ایک گائے یا اونٹ صدقہ کرنا لازم ہوگا

# دم (بکری، دنبہ) لازم ہونے کی صورتیں

1۔ مکمل ایک دن یا ایک رات تک بغیر کسی عذر کے سلے ہوئے کپڑے پہننا

2۔ محرم آدمی کا مکمل ایک دن تک اپنا چہرہ یا سر ڈھانپ کر رکھنا

3۔ اپنے چوتھائی سر یا ڈاڑھی کو بغیر کسی عذر کے منڈوا دینا


4۔ اپنے اعضاء میں سے کسی مکمل عضو پر ایک لمحے کے لیے خوشبو لگانا۔

5۔ ایک ہاتھ یا پاوں کے مکمل ناخن کاٹنا

6۔ بیوی سے بوس و کنار کرنا یا شہوت سے چھونا

www.muaazbinjabal.com

# پانچ مقاماتِ مقدسہ میں سات مناسکِ حج کی ادائیگی




**پانچ مقدس مقامات:** بیت اللہ، صفا مروہ.....منیٰ، مزدلفہ، عرفات

**سات مناسکِ حج:** طواف، سعی.....وقوف (دوجگہ).....رمی، قربانی، حلق

# پہلا دن 8 ذی الحجہ

احرام کی حالت میں منیٰ پہنچنا

پانچ نمازوں کی ادائیگی ظہر عصر مغرب،عشاء اور 9 ذی الحجہ کی فجر

تلبیہ کی کثرت

رات مِنیٰ میں ٹھہرنا

رات میں ذکر وعبادت، تہجد ومناجات



# حدودِ منیٰ






# دوسرا دن 9 ذی الحجہ

سورج طلوع ہونے کے بعد عرفات روانگی، عرفات میں غسل کرنا

ظہر اور عصر ایک ساتھ پڑھنا بشرطیکہ مسجد نمرہ میں امام کے ساتھ ہو ورنہ اپنے خیمے میں ظہر (اپنے وقت میں) اور عصر (اپنے وقت میں) پڑھے

زوال کے بعد مغرب تک عرفات میں ٹھہرنا





# حدودِ عرفات


نهاية عرفات
ARAFAT ENDS HERE


بداية عرفات
ARAFAT STARTS HERE

# 9اور 10 ذی الحجہ کی درمیانی رات

غروب کے بعد مغرب
کی نماز پڑھے بغیر عرفات
سے مزدلفہ روانگی

مغرب اور عشاء کی نمازیں
عشاء کے وقت مزدلفہ
پہنچ کر پڑھنا

رات کو مزدلفہ میں ٹھرنا، تلبیہ کی کثرت، تہجد، مناجات و دعائیں



## حدودِ مزدلفہ






# تیسرا دن 10 ذی الحجہ

مزدلفہ میں نماز فجر پڑھ کر ٹھہرنا
اور دعائیں مانگنا


منی پہنچ کر تین کام ترتیب سے کرنا
پہلا کام صرف بڑے شیطان کی رمی
اس رمی کے بعد دعا نہیں اور تلبیہ ختم

دوسرا کام
حج کی قربانی

تیسرا کام سر کے بال منڈوانا
یا انگلی کے پورے کے بقدر کتروانا
خواتین صرف بال کتروائیں

احرام کھول کر عام کپڑوں میں طواف زیارت
کے لئے مکہ مکرمہ جانا
طواف زیارت ۱۱ اور ۱۲ ذی الحجہ کو بھی کر سکتے ہیں

رات واپس منی میں آنا







# چوتھا دن 11 ذی الحجہ

زوال آفتاب کے بعد
صبح صادق سے پہلے
کسی بھی وقت رمی

پہلے چھوٹے شیطان کی رمی
اس کے بعد دعا

پھر درمیانے شیطان
کی رمی اس کے بعد
دعا

پھر بڑے شیطان کی رمی
اس کے بعد دعا نہیں ہے

طواف زیارت اگر کل نہیں
کیا تھا تو آج کر لیں

رات واپس منیٰ میں آنا







# پانچواں دن 12 ذی الحجہ

زوال آفتاب کے بعد
صبح صادق سے پہلے
کسی بھی وقت رمی

پہلے چھوٹے شیطان کی رمی
اس کے بعد دعا

پھر درمیانے شیطان
کی رمی اس کے بعد
دعا

پھر بڑے شیطان کی رمی
اس کے بعد دعا نہیں ہے

طواف زیارت اگر 10 کو
نہیں کیا تھا تو آج
مغرب سے پہلے پہلے کرلیں

طواف زیارت
خواتین معذوری کی حالت میں ہوں تو پاک ہونے کے بعد طواف کریں








# چھٹا دن 13 ذی الحجہ


12 ذی الحجہ کو غروب آفتاب سے پہلے مکہ مکرمہ جا سکتے ہیں
اگر 13 ذی الحجہ صبح صادق تک ٹھر گئے تو رمی واجب ہو جائے گی جو زوال آفتاب سے لے کر غروب آفتاب تک کر سکتے ہیں
اور تینوں شیطانوں کی رمی کرینگے


طواف وداع وطن واپسی سے پہلے کرنا واجب ہے




## حج کے سفر میں کام آنے والی چند مفید کتابیں









# حج کے سفر میں کام آنے والی چند مفید کتابیں








# حج کے سفر میں کام آنے والی چند مفید کتابیں




# مقاماتِ حج





# مسجد خیف (منیٰ)





# مسجد عقبہ



# مسجد نمرة (عرفات)





# جبلِ رحمت



# مسجد مشعر الحرام (مزدلفہ)




وزارة الشؤون الإسلامية والأوقاف والدعوة والإرشاد
فرع الوزارة بمنطقة مكة المكرمة
مسجد المشعر الحرام بمزدلفة

# جمرات




SMALL JAMARAH
LA PETITE JAMRAH
SHAIDAN KARAMI
JUMRAH SHGGHRA
الجمرة الصغرى
چھوٹا جمرات
جمرات کوچک
KÜÇÜK SEYTAN

# تینوں جمرات کا درمیانی فاصلہ



# اتجاہ القبلة




# زیارات

# مکہ مکرمہ


# حطیم






طواف کرتے ہوئے حطیم سے باہر باہر چکر لگانے چاہیے







دنیا کے خالق و مالک کی چوکھٹ، جہاں سے کوئی خالی نہیں جاتا ہے۔ اس جگہ لپٹ کر انتہائی عاجزی و انکساری سے دعا و استغفار کا اہتمام کرنا چاہیے۔ چونکہ یہاں نہایت اعلیٰ و نفیس خوشبو لگی ہوتی ہے، اس لیے احرام کھل جانے کے بعد یہاں آکر اپنے دل کے ارمان پورے کرنے چاہییں


مقام ابراہیم




حطیم کے اوپر نصب بیت اللہ کا پرنالہ، اس کے نیچے مانگی ہوئی دعائیں قبول ہوتی ہیں




چاندی کے اس حلقے کے درمیان حجر اسود کے آٹھ ٹکڑوں کی نشاندہی




بوسہ دیتے وقت ان پر بوسہ دینے کی کوشش کرنی چاہیے

## میزابِ رحمت





# حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی جائے پیدائش



مکہ مکرمہ میں حرم شریف کے قریب وہ مکان جسے جناب رحمۃ للعالمین صلی اللہ علیہ وسلم کی جائے ولادت ہونے کا شرف حاصل ہے۔ اب یہاں دینی کتب خانہ قائم ہے۔

# مسجدِ جن



# جنت المعلی (قبرستان)



# مسجد عائشہ رضی اللہ عنہا / تنعیم





# میقاتِ جعرانہ





# غارِ ثور





# غارِ حرا







مسجد حدیبیہ


شاہراہ حدیبیہ

# حدیبیہ کے چند مقامات



# مقام حدیبیہ میں آپ ﷺ کے ایک معجزہ کا ظہور

حدیبیہ کے مقام پر پانی کے کنویں پر کفار نے قبضہ کرلیا تھا مسلمان ایسے کنویں کے پاس تھے جس میں پانی بہت کم تھا اور مسلمان سخت تکلیف میں تھے تو آپ ﷺ نے اس کنویں میں کلی کردی اور اپنا ایک تیر دیا کہ اس کے اندر گاڑ دو یہ عمل ہوتے ہی اس کا پانی جوش مار کر کنویں کے اوپر تک پہنچ گیا اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے اپنی تمام ضروریات پوری کرلیں



بالمقابل مسجد المعارف نزد سیفی کالج بس اسٹاپ، شمالی ناظم آباد، کراچی فون نمبر: 03332289794-03212692054

# زیارات

# مدینہ منورہ




مواجهہ شریف
جنوب
مغرب
مشرق
شمال
(قبلہ)
سر مبارک
قدم مبارک
سیدنا محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
سیدنا حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی آرام گاہ
سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ
سیدنا عمر بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ
چہرہ انور قبلہ کی جانب ہے
روضہ مطہرہ کا اندرونی خاکہ
جناب مسیح علیہ السلام کا مرقد مبارک آں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی پائنتی کی طرف ہوگا۔ جناب صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کا چہرہ اقدس رحمۃ للعالمین صلی اللہ علیہ وسلم کے شانہ مبارک کے بالمقابل ہے اور جناب فاروق رضی اللہ عنہ کا چہرہ اقدس رحمۃ للعالمین صلی اللہ علیہ وسلم کے مبارک قدموں کے مقابل ہے۔
چاروں قبور مبارکہ کی ترتیب سے مقام خاتم المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم، مقام نبوت اور مقام صحابیت کا فرق اور پاس ادب بڑی خوبی سے واضح ہے۔


# مواجہ شریف


16% 8:29 p.m.


إن الذين يغضون أصواتهم عند رسول الله أولئك الذين امتحن الله قلوبهم للتقوى
لهم مغفرة وأجر عظيم

# حجرات اور روضات



# ریاض الجنۃ






اس کی نشاندہی کے لیے ہرے قالین بچھائے گئے ہیں اور ستونوں پر مخصوص نقش ونگار کیے گئے ہیں



# محراب النبی صلی اللہ علیہ وسلم





# اسطوانات









بے تاب امتی اپنا رخ جب سنہری جالیوں کی طرف کرتے ہیں تو یہ سبز پردہ ان کے سامنے ہوتا ہے۔
فخر و اعزاز کے بھرپور احساس کے ساتھ شائع کی گئی روضۂ اقدس کی اندرونی تصویر پہلی بار منظرِ عام پر



حضرت سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کا محراب تہجد، آگے کی جانب سبز پردہ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کا صندوق اپنے اندر لیے جلوہ دکھا رہا ہے۔



سبز پردے کے عقب میں حضرت سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کا حجرہ مبارکہ

# صفہ (چبوترہ)










مسلمانوں کی سب سے پہلی مسجد جس کے متعلق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

مسجدِ حرام، مسجد نبوی اور مسجد اقصیٰ کے بعد یہ تمام مساجد سے افضل ہے اور جو شخص مسجد قباء میں دو رکعت نفل نماز پڑھے تو اس کو عمرہ کے برابر ثواب ملے گا




رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سب سے پہلے جمعہ کی نماز اس مسجد میں ادا کی تھی



Masjid-e-Qiblatain
اس مسجد میں ایک محراب
بیت المقدس کی طرف ہے اور
دوسری کعبے کی جانب ہے
چونکہ تحویل قبلہ کا واقعہ اسی مسجد
میں ہوا تھا اس وجہ سے اس کو مسجد
قبلتین کہتے ہیں


# مسجد قبلتین









سیرت نبوی
SEERAT E NABWI
DARUL ULOOM MUA`AZ BIN JABAL
احد
ایک پہاڑ کا نام ہے جو
مدینہ منورہ سے تین میل کے فاصلے پر واقع ہے
اس پہاڑ کو احد اس وجہ سے کہا جاتا ہے کہ یہ اکیلا اور منفرد ہے


جبل احد کے دامن میں شہدائے احد کی قبور



رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:
احد پہاڑ ہم سے محبت کرتا ہے اور ہم اس سے محبت
کرتے ہیں


جنت البقیع


مسجد عریش کا
دلکش منظر
سیرت نبوی
SEERAT E NABVI
DARUL ULOOM MUA`AZ BIN JABAL


میدان بدر
جہاں لڑائی ہوئی
سفید چاردیواری میں
شہداء مدفون ہیں
سیرت نبوی
SEERAT E NABVI
DARUL ULOOM MUA 'AZ BIN JABAL


سیرت نبوی
SEERAT E NABVI
ریت اور پہاڑوں سے
ڈھکا ہوا
شہر بدر
جہاں معرکہ حق و باطل
ہوا
DARUL ULOOM MUA`AZ BIN JABAL


سیرت نبوی
SEERAT E NABVI
DARUL ULOOM MUA`AZ BIN JABAL
بدر ایک کنویں کا نام ہے
اسی مناسبت سے اُس گاؤں کو بدر کہتے ہیں جو اُس کے
پاس آباد ہے
اس لڑائی کا نام بدر اس لیے رکھا گیا کہ یہ لڑائی اُس کے قریب
ہوئی تھی
نوٹ: آج کل اس کنویں کی جگہ بیت الخلاء
بنا دیے گئے ہیں

# مسجد قبا







# مسجدِ غمامہ / اجابہ





# مسجد ذوالحلیفہ (میقاتِ مدینہ منورہ)





# جبلِ اُحد







وۂ احزاب : اس میدان میں وہ جنگ لڑی گئی جس میں مسلمانوں پر آزمائش اپنی آخری حد تک پہنچ گئی۔ دشمنوں کا جم غفیر' نفری' اسلحے اور خوراک کی قلت' سخت سردی میں بے سروسامانی کا عالم' یہودی حلفاء کی عہد شکنی' غرض کہ ہر قسم کی
کلات چاروں طرف سے جمع ہو گئیں۔ جنگ کے دنوں میں اچھی خوراک کی ضرورت ہوتی ہے' صحابہ نے کئی کئی دن فاقہ کیا اور پیٹ پر پتھر باندھ کر مورچوں میں ڈٹے رہے۔ جب ان کے صبر و استقامت نے بشری طاقت کی آخری حدوں کو چھو لیا
ب تعالیٰ کی قدرت حرکت میں آ گئی۔ غیبی مدد نے نہ صرف کفار کے لشکر کو اکھاڑ پھینکا بلکہ اہل مدینہ کو یہ مژدہ سنایا گیا کہ اب یہ تم پر حملہ آور نہ ہوں گے' اب تم انہیں ادھیڑو گے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے اس عظیم اسوۂ حسنہ پر عمل کی ترغیب
لیے سورۂ احزاب میں آیات اتاری گئیں۔ افسوس کہ ہم نبی کے اسوۂ حسنہ پر عمل سے کس قدر غافل اور کاہل ہیں۔ تصویر کے دائروں میں وہ مساجد دکھائی گئی ہیں جو مشہور صحابہ کے مورچوں کے مقام پر تعمیر کی گئیں۔ اللھم ارزقنا اتباعھم


مقبرة الخندق



جبل سلع پر پانی کی ایک خوبصورت آبشار






جبل سلع


مسجد ابو بکر



مسجد عمر


مسجد علی


مسجد فاطمہ


مسجد سلمان فارسی


مسجد فتح


مساجد سبعه



Masjid e Khandaq in Madina.



Masjid e Khandaq in Madina.

1-نماز قصر ہوگی 2-خواتین روانگی سے ایک دن قبل پیریڈ کا معلوم کرلینگی 3۔خواتین دوائی نہ لیں

4-غسل کر سکتے ہیں احرام چینج کر سکتے ہیں 5-ہم ان شاء اللہ ہر وقت خدمت کے لئے تیار ہونگے

6-قربانی مسافر پر نہیں ہے 7-قربانی کا طریقہ سرفرقان دینگے 8-روزانہ واک کرینگے 9۔طواف زیارت ضرور کرلیں

10۔خواتین ایام میں کیسے عمرہ کریں گی 11۔خواتین ایام میں حج کیسے کریں گی

12۔10اور 11 ذی الحجہ کے بعد کی راتیں مِنیٰ میں گزارنا سنت ہے اگر طواف زیارت کی وجہ سے نہ گزار سکے تو کوئی حرج نہیں

13۔جن کی 14 ذی الحجہ مدینہ روانگی ہے یا وطن واپسی ہے یہ حضرات طواف زیارت کے ساتھ الوداعی طواف کر سکتے ہیں

14۔الوداعی طواف کے بعد بھی طواف کر سکتے ہیں 15۔وہ کون سے اعذار ہیں جن کی وجہ سے رمی میں وکیل بنایا جا سکتا ہے

16۔خوشبو والے صابن سے ہاتھ دھونے سے دم نہیں صدقہ ہے

17۔صدقہ ویسے بھی دے دیں چاہے مکہ میں دیں، مدینہ منورہ میں دیں یا پاکستان میں 18۔فلا رفث ولا فسوق ولا جدال فی الحج

19۔صبر 20۔عمرہ کی نیت جدہ سے قبل جہاز میں کرینگے ورنہ گناہ ہوگا دم آئیگا

21۔رمی قربانی حلق کے بعد طواف زیارت سے قبل بیوی سے ملنا منع ہے ورنہ گناہ ہوگا دم آئیگا

## رمی میں نیابت کے لیے شرعی عذر یہ ہے کہ

1: ایسی بیماری یا کمزوری ہو جس کی وجہ سے بیٹھ کر نماز پڑھنا جائز ہو

2: یا جمرات تک سوار ہو کر بھی جانے میں سخت تکلیف ہو۔

3: یا مرض کے شدت اختیار کرنے کا قوی اندیشہ ہو۔



# اللہ تعالی تمام احباب کا حج قبول فرمائے

دامت برکاتہم العالیہ
حضرت مولانا انعام اللہ صاحب

مزید معلومات اور حج وعمرہ سے متعلق سوالات کے لئے رابطہ کرسکتے ہیں

03332289794